نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

PH. 042-99200729, 99200731, Email: mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا ملتان میں قائم وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ فراہمی مرکز کا معائنہ

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ میں زراعت کو حقیقی معنوں میں ٹرانسفارم کیا جارہا ہے، سیکرٹری زراعت پنجاب

وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی فراہمی کیلئے صوبہ میں تحصیل کی سطح پر 136 مراکز قائم کئے گئے ہیں، افتخار علی سہو

لاہور،29 ستمبر 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ میں زراعت کو حقیقی معنوں میں ٹرانسفارم کیا جارہا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی فراہمی کیلئے صوبہ میں تحصیل کی سطح پر 136 مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملتان میں قائم وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ فراہمی مرکز کے معائنہ کے دوران موقع پر موجود کاشتکاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے مزید کہا کہ کسان کارڈ کے حصول کیلئے 10 لاکھ سے زائد کاشتکار رجسٹریشن کرا چکے ہیں۔ وسط اکتوبر تک کسان کارڈ کو باقاعدہ فعال کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ گندم کے زرعی مداخل کی خریداری کیلئے استعمال ہوسکے گا۔ کاشتکار کارڈ کے زریعے رجسٹرڈ ڈیلرز سے کنٹرول ریٹ پر کھاد، بیج اور زرعی زہریں خرید سکیں گے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کسان کارڈ فراہمی مراکز پر کاشتکاروں کے وقت کی بچت کیلئے بائیو میٹرک کاؤنٹرز بڑھائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کاشتکاروں کی جانب سے وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کے حصول کیلئے درخواستوں کی وصولی کا زبردست ردعمل دیکھنے میں آرہا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت اب تک 8 لاکھ سے زائد درخواستیں موصول ہوچکی ہیں۔ اس سکیم کے تحت 9 ہزار 500 ٹریکٹرز سبسڈی پر دیئے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت 10 لاکھ روپے فی ٹریکٹر سبسڈی دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملتان سمیت، بہاولپور، سرگودھا اور ساہیوال میں 4 ماڈل ایگری مالز قائم کئے جارہے ہیں۔

☆☆☆☆